AQA

# GCSE
# URDU

**H**

Higher Tier Paper 1 Listening Test Transcript

Thursday 9 May 2024 Afternoon Time allowed: 45 minutes approximately
(including 5 minutes' reading time before the test)

**FOR INVIGILATOR'S USE ONLY**

**The pauses are pre-recorded for this test.**

This is what you should do for each item.

- After the question number is announced, there will be a pause to allow you to read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- When the next question is about to start you will hear a bleep like this (*).
- You may write at any time during the test.
- In **Section A**, answer the questions in **English**. In **Section B**, answer the questions in **Urdu**.
- You must answer **all** the questions in the spaces provided. Do **not** write outside the box around each page or on blank pages.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- **Ask any questions now. You must not ask questions or interrupt during the test.***
- You now have five minutes to read through the question paper. You may make notes during this time. You may open your answer book now.
- **The test starts now.**

Once the test has started, the invigilator must not pause it **at any time** as all pauses, including the five minutes' reading time, are pre-recorded.

*If candidates ask any questions at this point, the invigilator should pause the recording until the questions have been answered. The recording should then be restarted.

## Section A

Questions and answers in **English**

0 1 F1 اسکول کی چھٹیوں میں دیر تک سوتے رہنا بہت اچھی بات ہے لیکن اپنی سہیلیوں سے نہ ملنے کا مجھے دکھ ہوتا ہے۔

0 2 M1 چھٹیوں کے دوران حساب اور انگریزی کی کلاسوں میں جانا پڑتا ہے اور خوب محنت کرنی پڑتی ہے لیکن ان مضمونوں میں اچھے نتیجے دیکھ کر میرادل خوش ہوتا ہے۔

0 3 F1 میں نائلہ ہوں۔ آج کل بسوں میں انٹرنیٹ کی سہولت ہے اس لیے میں بس سے سفر کرتی ہوں اس کے ساتھ ساتھ وقت کی بچت بھی ہو جاتی ہے اور سفر بھی سستا پڑتا ہے۔

M1 میں جوادہوں۔ مجھے کہیں بھی جانا ہو تو میں ریل گاڑی سے جانا پسند کرتا ہوں کیونکہ ریل گاڑی کی رفتار بہت تیز ہوتی ہے اور میں اپنی منزل پر جلدی پہنچ جاتا ہوں۔

F2 میں عائشہ ہوں۔ مجھے پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کرنا اچھا نہیں لگتا اس لیے میں اپنی گاڑی پر جاتی ہوں اور جب بھی دل کرے راستے میں رک کر آرام کر لیتی ہوں۔

0 4 F1 پچھلے ہفتے پرانے زمانے کے لوگوں کی زندگی کے بارے میں پڑھ کر بڑا مزہ آیا لیکن اس ہفتے جسمانی تعلیم کے مضمون میں مختلف سرگرمیاں کرکے میں بہت تھک گئی۔ اگلے ہفتے میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ پرائمری اسکول میں اردو کے سبق میں بچوں کی مدد کروں گی۔

0 5 M2 پچھلے ویک اینڈ پر میں نے کشتی چلانے کے علاوہ تیراکی بھی کی لیکن مجھے اپنے دوستوں کے ساتھ تاش کھیلنے میں بہت مزہ آیا۔

0 6 F2 میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ اسکول کی ایک تقریب میں گئی۔ وہاں بچوں نے تقریریں کیں۔ کچھ بچوں نے گانے گائے اور نظمیں پڑھیں لیکن مجھے نظمیں زیادہ پسند آئیں۔

0 7 M2 میرے علاقے میں سینما تو بہت ہیں لیکن نوجوانوں کے لیے کھیلنے کے میدان ہونے چاہئیں۔ اس کے علاوہ یہاں علاج کی سہولتیں بھی موجود نہیں ہیں اور لوگوں کو دور جانا پڑتا ہے۔ میرے علاقے میں مسجدیں تو ہیں لیکن گرجاگھر کی ضرورت ہے تاکہ میرے عیسائی دوست بھی اپنی عبادت کر سکیں۔

0 8 M1 میں حامد ہوں۔ میں عید کا تہوار بہت خوشی سے مناتا ہوں کیونکہ اس دن تحفوں سے زیادہ مجھے قریبی رشتے داروں کے ساتھ وقت گزارنا بہت اچھا لگتا ہے۔

0 9 F1 میں ماریہ ہوں۔ ہم ہر سال کرسمس بڑے شوق سے مناتے ہیں۔ اس دن طرح طرح کی سرگرمیاں ہوتی ہیں لیکن میری نظر تو اس دن ملنے والے تحفوں پر ہوتی ہے۔

1 0 F2 میں راشنہ ہوں۔ ہم ہر سال دیوالی بڑی خوشی سے مناتے ہیں۔ اس تہوار میں مختلف رنگوں کی بتیاں جلائی جاتی ہیں لیکن مجھے اس تہوار میں کی جانے والی آتش بازی سب سے زیادہ پسند ہے۔

| 1 | 1 | M1 | مجھے فہد کہتے ہیں۔ میں سوشل میڈیا کا استعمال کبھی کبھی تصویریں اور ویڈیو بھیجنے کے لیے کرتا ہوں لیکن زیادہ تر میں سوشل میڈیا کا استعمال اپنی نانی جان سے پاکستان میں بات کرنے کے لیے کرتا ہوں۔ |
|---|---|---|---|
| 1 | 2 | F2 | میں عالیہ ہوں۔ میں ذاتی طور پر تو سوشل میڈیا کا استعمال بڑی احتیاط سے کرتی ہوں مگر مجھے اس بات سے پریشانی ہوتی ہے کہ میری بہن اجنبی لوگوں سے باتیں کرتی رہتی ہے جو اچھی بات نہیں ہے۔ |
| 1 | 3 | M2 | مجھے وسیم کہتے ہیں۔ میں تو سوشل میڈیا کا استعمال کبھی کبھار اس لیے کرتا ہوں کیونکہ مجھے اندازہ ہے کہ کچھ لوگ غلط طریقے سے دوسروں کی شناخت چوری کر سکتے ہیں۔ |
| 1 | 4 | F1 | میں ایک گاؤں میں رہتی ہوں جہاں ہر طرف سبزہ ہی سبزہ ہے۔ مجھے یہاں رہنے میں بہت مزہ آتا ہے۔ |
| 1 | 5 | M1 | میرے علاقے میں بہت سی فیکٹریاں ہیں جن کی وجہ سے بہت سے مقامی لوگوں کو روزگار ملا ہے لیکن فیکٹریوں کے دھویں کی وجہ سے ماحول آلودہ رہتا ہے۔ |
| 1 | 6 | F2 | میرے علاقے میں لوگ بچا ہوا کھانا اور پلاسٹک کے تھیلے کوڑا دانوں کی بجائے زمین پر پھینک دیتے ہیں جس کی وجہ سے یہاں بہت زیادہ چوہے ہو گئے ہیں۔ |
| 1 | 7 | M2 | میرے علاقے کے نزدیک ایک نیا ساحل سمندر بنایا جارہا ہے جس سے علاقے کی خوبصورتی میں تو اضافہ ہوا ہے لیکن اس کی وجہ سے اب ہم زمین پر فصلیں نہیں اگا سکتے۔ |

| 1 | 8 | F1 | میرا نام سارہ ہے۔ مجھے اپنے اسکول کا کتب خانہ بے حد پسند ہے جہاں سے میں اچھی اچھی کتابیں لے کر پڑھ سکتی ہوں۔ اس کے علاوہ نئے قسم کے آلات کا استعمال کر کے موسیقی سیکھنے کا اپنا ہی مزہ ہے۔ |
|---|---|---|---|
| | | M1 | میرا نام ابراہیم ہے۔ میرے اسکول کی عمارت تو اچھی ہے اور کھانا بھی برا نہیں ہے لیکن کھانے کا وقفہ بہت کم ہوتاہےاور کھانے کے وقت کینٹین میں اتنی جگہ نہ ہونے کی وجہ سے سارے طالب علم ایک ساتھ کھانا نہیں کھا سکتے۔ |

| 1 | 9 | F2 | دوستی ایک ایسا رشتہ ہے جس کی وجہ سے آپ اپنے خوشی کے لمحات دوسروں کے ساتھ بانٹ سکتے ہیں اور غم کےوقت آپ کو سہارا بھی مل سکتا ہے لیکن غلط لوگوں سے دوستی کا یہ رشتہ اچھے برے کی تمیز بھی ختم کر دیتا ہے۔ |
|---|---|---|---|

| 2 | 0 | F1 | مجھے اور میرے گھر والوں کومشہور لوگوں کی زندگی کے بارے میں پڑھنے کا شوق ہے جس کے لیے ہم دکانوں سے کتابیں خرید کر اپنا شوق پورا کر لیتے ہیں۔ |
|---|---|---|---|
| | | M1 | مجھے کتابیں پڑھنے میں زیادہ دلچسپی نہیں ہے لیکن جب بھی کسی بڑے کھلاڑی کے بارے میں کوئی کتاب آتی ہے تو اپنے کسی دوست سے لے کر پڑھ لیتا ہوں۔ |
| | | F2 | میں تو پوری دنیا کی سیر کے بارے میں دلچسپی رکھتی ہوں اور ہر نئی کتاب کے آنے کا بے صبری سے انتظار کرتی ہوں اس لیے میں اسے فوراً انٹرنیٹ سے خرید لیتی ہوں۔ |

Turn over ▶

| 2 | 1 | M1 | میں عامر ہوں۔ میرے علاقے میں آبادی زیادہ ہے لیکن تعلیم کی سہولتیں کم ہیں جس کی وجہ سے بہت سے بچوں کو دور دراز کے اسکولوں میں داخلہ لینا پڑتا ہے۔ |
|---|---|---|---|
| 2 | 2 | F1 | مجھے ارم کہتے ہیں۔ ہمیں تیز رفتاری سے گاڑی نہیں چلانی چاہیے جو کہ اچھی بات ہے لیکن ہمارے علاقے میں رفتار کی حد بیس میل ہے جو مناسب نہیں ہے۔ |
| 2 | 3 | M2 | میں زین ہوں۔ مجھے لوگوں کے باغیچے میں پتھر لگا کر پختہ کرنے پر کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن ایسا کرتے وقت جب وہ درختوں کو بھی کاٹ دیتے ہیں اور نئے پودے بھی نہیں لگاتے تو مجھے بہت دکھ ہوتا ہے۔ |
| 2 | 4 | M1 | میرا نام عمران ہے۔ پہلے لوگ گھروں یا کھلے میدانوں میں شادیاں کیا کرتے تھے مگر اب لوگ شادیاں بڑے بڑے ہالوں میں کرتے ہیں۔ دراصل مجھے فضول رسموں پر غیر ضروری اخراجات کرنے پر اعتراض ہے۔ |
| | | F1 | میرا نام حلیمہ ہے۔ کچھ عرصہ پہلے پاکستانی حکومت نے شادیوں پر صرف ایک قسم کا کھانا کھلانے کا قانون بنا دیا تھا۔ آج کل کچھ تنظیموں نے بہت سے لوگوں کی ایک ساتھ شادیاں کروانا شروع کر دی ہیں جو کہ اب بہت عام ہو گیا ہے۔ |

## Section B

Questions and answers in **Urdu**

**2 5** **F1** میں مریم ہوں۔ ایک سبق سے دوسرے سبق تک جانے کے دوران مجھے اپنی سہیلیوں سے باتیں کرنا پسند ہےاس لیے میں سبق میں دیر سے پہنچتی ہوں ۔ اگر میں پانچ منٹ سے زیادہ دیر سے پہنچوں تو مجھے آدھا گھنٹہ اسکول کے بعد رکنے کی سزا دی جاتی ہے جو مجھے پسند نہیں ہے۔

**M1** میں حامد ہوں۔ میں کمرہ جماعت میں باتیں نہیں کرتا لیکن زیادہ دیر تک ایک جگہ بیٹھ بھی نہیں سکتا اس لیے مجھے بھی اسکول سے چھٹی کے بعد تیس منٹ کی سزا دی جاتی ہے جو مجھے اچھا نہیں لگتا۔

**2 6** **M1** میرا پسندیدہ اداکار رضاخان ہے۔ اس نے بےشمار اردو اور انگریزی فلمیں بنائی ہیں لیکن مجھے تو پنجابی فلموں میں اس کی اداکاری بہت پسند ہےاور تمہارا کیا خیال ہے عالیہ؟

**F1** ہاں! میں آپ کی بات سے اتفاق کرتی ہوں کہ وہ ایک اچھے اداکار ہیں اور اچھی اداکاری میں ان کا کوئی بھی مقابلہ نہیں کر سکتا لیکن نہ تو انہیں صحیح طرح سے گانا آتا ہے اور نہ ہی ناچنا۔

**2 7** **M1** میں اپنے آپ کو تندرست رکھنے کے لیے میٹھے اور تیل میں بنے ہوئے کھانےبالکل ہی نہیں کھاتا اور کم نمک والے کھانے شوق سے کھاتا ہوں۔ اس کے علاوہ میں روزانہ کھیلنے یا پیدل چلنے کی بجائے تیراکی کرنے کے لیے جاتا ہوں۔

F2 | 2 | 8 |

پاکستان میں ذہین نوجوانوں کی کوئی کمی نہیں ہے۔ ایسی ہی مثال ایک چودہ سال کے لڑکے علی کی ہے اس نے پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا۔ اس نے تقریر اور لکھائی کے عالمی مقابلوں میں چار سونے اور تین چاندی کے تمغے جیتے۔ یہ کسی امیر کا نہیں بلکہ ایک مچھلیاں پکڑنے والےغریب آدمی کا بیٹا ہے۔علی نےبتایا کہ اس کی کامیابی کا راز محنت اوراس کے والد کی حوصلہ افزائی ہے۔

**END OF TEST**

**Copyright information**

For confidentiality purposes, all acknowledgements of third-party copyright material are published in a separate booklet. This booklet is published after each live examination series and is available for free download from www.aqa.org.uk.

Permission to reproduce all copyright material has been applied for. In some cases, efforts to contact copyright-holders may have been unsuccessful and AQA will be happy to rectify any omissions of acknowledgements. If you have any queries please contact the Copyright Team.

Copyright © 2024 AQA and its licensors. All rights reserved.